سوال

امام کی اقتدا

جواب

امام کی اقتداء السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ اگر امام بیٹھ کر نماز پڑھائے تو مقتدی کو کھڑے ہو کر نماز پڑھنی چاہیئے یا کھڑے ہو کر۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! یہ مسئلہ اہل علم کے ہاں مختلف فیہ ہے۔ 1۔ بعض کہتے ہیں کہ امام کے ساتھ ساتھ مقتدی کو بھی بیٹھ کر نماز ادا کرنی چاہیئے، ان کی دلیل بخاری مسلم کی وہ حدیث جس میں نبی کریم نے فرمایا: وإذا صلی جالساً فصلوا جلوساً أجمعون اور جب امام بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم سب بھی بیٹھ کر نماز پڑھو۔ 2۔ بعض کہتے ہیں کہ مقتدی کھڑے ہو کر ہی نماز ادا کریں گے، ان کی دلیل نبی کریم کا وہ عمل ہے کہ آپ نے مرض الموت میں بیٹھ کر نماز پڑھائی اور صحابہ کرام نے پیچھے کھڑے ہو کر نماز ادا کی۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ دونوں عمل ہی درست ہیں۔ بعض اہل علم نے ان دونوں روایات میں کچھ یوں جمع کی ہے کہ اگر امام مستقل بیٹھ کر نماز پڑھاتا ہو تو مقتدی کھڑے ہو کر نماز پڑھیں اور اگر وہ کسی عارضے کی بناء عارضی طور پر بیٹھ گیا ہو تو مقتدی بھی بیٹھ جائیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی